27-03-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے آبادی کی بنیاد پر لوک سبھا حلقوں کی از سر نو حد بندی کیلئے مرکزی حکومت کی مبینہ کوششوں کے خلاف جدوجہد میں تمام پارٹیوں سے شامل ہونے کی اپیل کی ہے۔

۲۔ ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ نے سال 24-2023ء کی کامپٹرولر اینڈ آڈیٹر جنرل کاگ رپورٹ آج اسمبلی میں پیش کی۔

۳۔ ریاستی وزیر صحت دامودھر راج نرسمہا نے آج اسمبلی میں اعلان کیا کہ ریاستی حکومت انسانی اعضاء کے عطیہ کو فروغ دینے کے لئے ریاست میں آرگان اور ٹشو کلیکشن اور اسٹوریج سنٹرس قائم کرے گی۔

۴۔ بی جے پی کے ریاستی صدر اور مرکزی وزیر کوئلہ و کانکنی جی کشن ریڈی نے چیف منسٹر ریونت ریڈی پر زور دیا ہے کہ وہ رنگا ریڈی کے شیر لنگم پلی منڈل میں کانچہ گچی باؤلی میں 400 ایکڑ سرکاری اراضی اور اس کے اطراف کی 800 اراضی کو قومی پارک قرار دیں۔

CM:

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے آبادی کی بنیاد پر لوک سبھا حلقوں کی از سر نو حد بندی کیلئے مرکزی حکومت کی مبینہ کوششوں کے خلاف جدوجہد میں تمام پارٹیوں سے شامل ہونے کی اپیل کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر مرکز آبادی کی بنیاد پر حلقوں کی از سر نو حد بندی کرتا ہے تو جنوبی ریاستوں کو نقصان ہوگا۔ انہوں نے ریاستی اسمبلی میں ایک قرار داد پیش کرتے ہوئے کہا کہ اگر حد بندی آبادی کی بنیاد پر کی گئی تو لوک سبھا میں جنوبی ریاستوں کی نمائندگی 24 فیصد سے گھٹ کر 19 فیصد ہو جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ حلقوں کی از سر نو حد بندی سے مرکز جنوبی ریاستوں کی رضامندی کے بغیر کوئی بھی فیصلہ کر سکے گا۔ چیف منسٹر کی پیش کردہ قرار داد اتفاقِ رائے سے منظور کر لی گئی۔ قرار داد میں اِس بات پر تشویش کا اظہار کیا گیا کہ مرکزی حکومت کسی مشاورت کے بغیر حلقوں کی از سر نو حد بندی کا منصوبہ بنا رہی ہے۔ اس قرار داد میں مرکز پر زور دیا گیا کہ وہ تمام ریاستی حکومتوں، سیاسی جماعتوں اور متعلقہ اداروں کے ساتھ مشاورت کے بعد شفاف انداز میں از سر نو حد بندی کا عمل آگے بڑھائے۔

Sound Byte.

KISHAN REDDY:

بی جے پی کے ریاستی صدر اور مرکزی وزیر کوئلہ و کانکنی جی کشن ریڈی نے چیف منسٹر ریونت ریڈی پر زور دیا ہے کہ وہ رنگا ریڈی کے شیر لنگم پلی منڈل میں کانچہ گچی باؤلی میں 400 ایکڑ سرکاری اراضی اور اس کے اطراف کی 800 اراضی کو قومی پارک قرار

دیں۔ چیف منسٹر کے نام ایک مکتوب میں بی جے پی لیڈر نے ریونت ریڈی پر زور دیا کہ وہ سرکاری اراضی کی نیلامی کو روک دیں اور ماحولیات اور عوامی مقامات کا تحفظ کریں۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی دارالحکومت میں مختلف وجوہات کی بنا پر ہریالی تیزی کے ساتھ غائب ہورہی ہے۔ اس کے ساتھ عوامی مقامات، کھیل کود کے میدان، پارک اور دیگر سہولتیں بھی ختم ہورہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آنے والی نسلوں کیلئے ایسی زمینات کا تحفظ ضروری ہے۔ مرکزی وزیر نے کہا کہ کانچہ گچی باؤلی میں 734 اقسام کے درخت، 220 اقسام کے پرندے، ہرن، سانپ، اسٹار کچھوے اور دیگر جانور پائے جاتے ہیں۔

WEATHER:

دفتر موسمیات نے کہا ہے کہ آئندہ 4 دن کے دوران اعظم ترین درجہ حرارت میں دو تا تین ڈگری سلسیس اضافہ کا امکان ہے۔ ریاست میں آج درجہ حرارت اوسط سے کچھ زیادہ رہا۔ آنے والے دنوں میں درجہ حرارت میں بتدریج اضافہ کا امکان ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران ریاست میں موسم خشک رہا۔ کل اعظم ترین درجہ حرارت 40.1 ڈگری سلسیس نظام آباد میں درج کیا گیا۔

BHATTI - CAG:

ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ نے سال 24-2023ء کی کامپٹرولر اینڈ آڈیٹر جنرل کاگ رپورٹ آج اسمبلی میں پیش کی۔ کاگ رپورٹ کے مطابق 24-2023ء کا بجٹ تخمینہ دو لاکھ 77 ہزار 690 کروڑ روپے تھا جبکہ جملہ اخراجات دو لاکھ 19 ہزار 307 کروڑ روپے رہے۔ مصارف بجٹ تخمینہ کے 79 فیصد اور جی ایس ڈی پی کے 15 فیصد رہے۔ 2023ء میں حکومت نے سود کی ادائیگی پر 24 ہزار 347 کروڑ روپے خرچ کئے۔ تنخواہوں پر 26 ہزار 981 کروڑ خرچ کئے گئے۔

KHELO INDIA:

کھیلو انڈیا پیرا گیمس دہلی میں اختتام کو پہنچے۔ ان مقابلوں کے آخری دن کھلاڑیوں نے پیرا ٹیبل ٹینس فائنلس میں بہترین مظاہرہ کیا۔ مردوں کے کلاس 6 زمرے میں ایزڈی اسپیی بھمگارا نے گولڈ میڈل حاصل کیا جبکہ وکاس ٹھاکر کو سلور میڈل حاصل ہوا۔ مردوں کے کلاس 6 مقابلہ میں بھاویکا کوکاڑیا نے گولڈ میڈل جیتا جبکہ جمانی نور جہاں نور علی نے سلور میڈل حاصل کیا۔ خواتین کے کلاس 7 زمرہ میں پراچی پانڈے نے گولڈ اور کنچن بان نے سلور میڈل حاصل کیا۔ مردوں کے کلاس 7 مقابلہ میں سنجیو جی ہمناور کو گولڈ میڈل حاصل ہوا جبکہ شیوم پال کو سلور میڈل پر اکتفاء کرنا پڑا۔ 8 دن طویل کھیلو انڈیا پیرا گیمس میں ایک ہزار 300 سے زائد پیرا تھلیٹس نے شرکت کی۔ پیرا آرچری، پیرا اتھلیٹکس، پیرا بیڈمنٹن، پیرا پاور لفٹنگ، پیرا شوٹنگ اور پیرا ٹیبل ٹینس کے مقابلے منعقد کئے گئے۔

ORGAN DONATION:

ریاستی وزیر صحت دامودھر راج نرسمہا نے آج اسمبلی میں اعلان کیا کہ ریاستی حکومت انسانی اعضاء کے عطیہ کو فروغ دینے کے لئے ریاست میں آرگان اور ٹشو کلیکشن اور اسٹوریج سنٹرس قائم کرے گی۔ تلنگانہ ٹرانس پلانٹیشن آف ہیومن آرگنز بل پر مباحث کے دوران وزیر صحت نے ریاست میں انسانی اعضاء کے عطیہ اور پیوند کاری کو منظّم کرنے کیلئے ٹرانس پلانٹیشن آف ہیومن آرگنز اینڈ ٹیشوز ایکٹ 2011ء پر عمل آوری کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی حکومت نے 1994ء میں ٹرانس پلانٹیشن آف ہیومن آرگنز ایکٹ بنایا تھا جس میں 2011ء میں ترمیم کرتے ہوئے ٹیشو ٹرانس پلانٹیشن کو بھی شامل کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اعضاء کے عطیہ کے عمل کو شفاف اور موثر بنانے کے لئے آرگن اور ٹیشو کلیکشن اسٹوریج سنٹرس قائم کئے جائیں گے۔

Sound Byte

SLBC:

ایس ایل بی سی سرنگ میں لاپتہ ورکرس کا پتہ لگانے کے لئے خصوصی ٹیمیں اپنی کارروائی میں مصروف ہیں۔ 22 فروری کو سرنگ کی چھت کا ایک حصہ منہدم ہوگیا تھا جس کے نتیجہ میں 8 ورکرس پھنس گئے تھے۔ اب تک ان میں سے دو کی نعشیں نکالی گئی ہیں اور انہیں ان کے خاندان کے حوالہ کردیا گیا۔ باقی 6 ورکرس کا پتہ لگانے کے لئے حکام نے اپنی کوششیں تیز کردی ہیں۔ بچاؤ کی کارروائی میں مزید تیزی لانے کیلئے آج ریسکیو ٹیموں کے سینئر عہدیداروں کا ایک جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ بچاؤ کی کارروائی کی نگرانی کے لئے مقرر کئے گئے خصوصی آفیسر شیوشنکر لوتھیٹی نے اس اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مرکزی اور ریاستی حکومتوں کی ریسکیو ٹیمیں گزشتہ 34 دن سے مسلسل بچاؤ کی کارروائی میں مصروف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 600 افراد روزانہ تین شفٹوں میں بچاؤ کے کام میں حصہ لے رہے ہیں۔

KTR:

بی آر ایس کے کارگزار اور سابق وزیر کے ٹی راما راؤ نے آج ریاستی اسمبلی میں عہد کیا کہ وہ اپنے اعضاء کا عطیہ دیں گے۔ انہوں نے تلنگانہ ٹرانس پلانٹیشن آف ہیومن آرگنز بل پر مباحث کے دوران یہ اعلان کیا۔ اس موقع پر انہوں نے اعضاء کے عطیہ کے بارے میں بیداری کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے تجویز پیش کی کہ اسپیکر اسمبلی کے احاطہ میں ایک خصوصی مہم شروع کرتے ہوئے ارکانِ اسمبلی کو اس بات کیلئے راغب کریں کہ وہ اعضاء کے عطیہ کے لئے اپنے نام درج کروائیں۔

RS-PRIVILEGE:

راجیہ سبھا کے صدر نشین جگدیپ دھنکر نے مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ کے خلاف کانگریس کی جانب سے پیش کی گئی مراعات شکنی کی نوٹس کو مسترد کر دیا ہے۔ کانگریس نے الزام لگایا تھا کہ امیت شاہ نے اس کی لیڈر سونیا گاندھی کے بارے میں نازیبا ریمارکس کئے۔ ایوان میں کانگریس کے رکن جے رام رمیش نے یہ نوٹس پیش کی۔ امیت شاہ نے ریمارکس کیا تھا کہ جو کانگریس اقتدار پر تھی تو ایک خاندان نے پرائم منسٹر ریلیف فنڈ کو کنٹرول کیا تھا۔ اس نوٹس کو مسترد کرتے ہوئے چیرمین نے کہا کہ انہوں نے اس کا بغور جائزہ لیا ہے اور انہوں نے اس میں کوئی غلط بات نہیں پائی۔ دھنکر نے کہا کہ مراعات شکنی ایک سنگین معاملہ ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس ایوان کو ارکان کی شہرت کو داغدار کرنے کے لئے پلیٹ فارم کے طور پر استعمال کرنے نہیں دیا جائے گا۔